سوال

(652)ہدی اوراضیحہ میں کیا فرق ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہدی اوراضیحہ میں کیا فرق ہے۔ایک جانور میں کتنے آدمی شریک ہوسکتے ہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہدی اس قربانی کوکہتے ہیں۔جوکعبہ شریف میں پہنچائی جائے۔جیساکہ قرآن شریف میں ارشاد ہے۔ہدیام بالغ الکعبۃ اضیحہ قربانی کوکہتے ہیں۔چاہے کہیں کی جائے۔بھیڑ،بکری میں ایک گائے میں سات اوراونٹ میں دس آدمی شریک ہوسکتے ہیں۔

تشریح

گائے میں سات آدمی اوراونٹ میں دس آدمی کے شریک ہونے کا حکم خاص ہدی میں ثابت ہے یا قربانی میں بھی ثابت ہے۔

الجواب۔قربانی میں بھی ثابت ہے۔سبل السلام جلد ا صفحہ 176 میں ہے۔

"یندب لبس احسن الثیاب والتطیب باجود الاطیاب فی یوم العید ویزید فی الاضحی اضحیۃ باسمن مایجد لہا اخرجہ الحاکم من حدیث الحسن السبط"

"قال امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی العیدین ان نلبس اجودما نجدوان تطیب باجودما نجدوان تضحی باسمن ما نجد البقرۃ عن سبعۃ والجزور عن عشرۃ وان نظہر التکبیر والسکینۃ والوقار قال الحاکم بعد اخرجہ من طریق اسحاق بن برزخ لولاجہالۃ اسحق ہذا لحکمت للحدیث بالصحۃ قلت ولیس بمجہول فقد ضعفہ الازدي ووثقہ ابن حبان ذکرہ فی التلخیص نتہی"

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص808

محدث فتویٰ